# غزہ میں نسل کشی کے دوران امریکہ کا قابض اسرائیل کیلئے اربوں ڈالر کے فوجی اڈوں کی تعمیر کا آغاز



مقبوضہ بیت المقدس: قابض اسرائیل کی جانب سے فلسطینیوں پر جاری بدترین جارحیت، قتل عام اور نسل کشی کے سائے میں امریکہ نے صہیونی ریاست کے لیے اربوں ڈالر مالیت کی فوجی تنصیبات کی تعمیر کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ یہ اقدامات قابض اسرائیل کو مزید مسلح کرنے اس کی جنگی تیاریوں کو مستحکم بنانے اور فلسطینی عوام کے خلاف اس کی درندگی کو طول دینے کی غرض سے کیے جا رہے ہیں۔

اسرائیلی اخبار ''ہارٹز'' نے انکشاف کیا ہے کہ امریکہ قابض اسرائیل کے لیے 250 ملین ڈالر سے زائد مالیت کے موجودہ فوجی منصوبوں پر کام کر رہا ہے، جب کہ آئندہ منصوبوں کی مجموعی لاگت ایک ارب ڈالر سے تجاوز کر جائے گی۔ ان منصوبوں میں صہیونی فوج کے لیے جنگی طیاروں، ہیلی کاپٹروں، اسلحہ کے گوداموں، ایندھن اسٹیشنز اور دیگر فوجی مراکز کی تعمیر شامل ہے۔ ان منصوبوں کی نگرانی امریکی فوج کی انجینئرنگ کور کر رہی ہے اور کام کی انجام دہی کے لیے مقامی اسرائیلی کمپنیوں کو ٹھیکے دیے جا رہے ہیں۔

دستاویزات کے مطابق امریکہ نہ صرف تنصیبات تعمیر کرا رہا ہے بلکہ وہ مستقبل میں ان کی مرمت، دیکھ بھال اور توسیع کے لیے بھی اسرائیلی کمپنیوں سے معاہدے کرے گا۔ سب سے مہنگا منصوبہ بوئنگ کے طیاروں (KC-46) کے لیے ایندھن فراہمی کی تنصیبات کا ہے، جس پر 100 ملین ڈالر سے زائد کی لاگت آئے گی۔ اسی طرح (CH-53K) ہیلی کاپٹروں کے لیے مخصوص مراکز کی تعمیر پر 250 ملین ڈالر خرچ کیے جا رہے ہیں۔

امریکہ ایک اور بڑے منصوبے کے تحت سات سالوں میں 900 ملین ڈالر سے زائد کی لاگت سے قابض اسرائیل کے فوجی مراکز میں مرمت، مسماری، نئی تعمیرات اور دیگر ترقیاتی سرگرمیاں انجام دے گا۔ یہ تمام منصوبے اُس ''غیر ملکی فوجی مالیاتی امداد پروگرام'' کے تحت انجام دیے جا رہے ہیں، جس کے تحت امریکہ قابض اسرائیل کو ہر سال 3.8 ارب ڈالر کی فوجی مدد فراہم کرتا ہے۔ اس رقم کا بڑا حصہ امریکی اسلحہ ساز کمپنیوں کو منتقل کیا جاتا ہے۔

قابض اسرائیل کی جانب سے 7 اکتوبر سنہ 2023ء سے غزہ کی پٹی میں شروع کی گئی نسل کشی کے بعد امریکہ کی طرف سے دی جانے والی فوجی امداد کی مالیت اب تک 18 ارب ڈالر تک پہنچ چکی ہے۔ ان رقوم سے نہ صرف اسلحہ خریدا گیا بلکہ فلسطینیوں کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے لیے قابض اسرائیل کی مشینری کو طاقتور تر کیا گیا۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ امریکہ کی فوجی امداد صہیونی ریاست کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر پر خرچ کی جا رہی ہے۔ سنہ 2012ء میں بھی قابض اسرائیل کے ''نیفاتیم'' ہوائی اڈے پر خفیہ تعمیراتی سرگرمیاں کی گئیں، جنہیں بعد میں ''سائٹ 911'' کے نام سے جانا گیا۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ یہ تمام منصوبے اس وقت منظر عام پر آئے ہیں جب اسرائیل اور ایران کے درمیان بارہ روزہ شدید عسکری تصادم ہوا، جس میں ایرانی بیلسٹک میزائلوں نے قابض اسرائیل کے کچھ فوجی مراکز کو نشانہ بنایا۔ ایسے میں جب فلسطین کے معصوم بچے، مائیں اور بزرگ قابض فوج کے حملوں میں خاک و خون میں تڑپ رہے ہیں، امریکہ کا یہ اقدام دراصل ظلم کے ایک عالمی نیٹ ورک کی عکاسی کرتا ہے، جو نہتے اور مظلوم فلسطینیوں کے خون سے اپنی بالادستی کی بنیادیں تعمیر کر رہا ہے۔

## صدر ٹرمپ کا تانبے پر بھاری ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ



واشنگٹن (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اب امریکہ میں دوسرے ممالک سے آنے والے تانبے پر 50 فیصد ٹیکس لگے گا۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق اس اقدام کا مقصد اس اہم دھات کی ملکی پیداوار کو فروغ دینا ہے، یہ دھات الیکٹرک گاڑیوں، فوجی ساز و سامان، بجلی کے گرڈ اور متعدد اشیاء کی تیاری میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ اس سے پہلے صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ وہ دیکھیں گے کہ دوسرے ملکوں سے آنے والا تانبا امریکہ کی سکیورٹی کو کیسے متاثر کر رہا ہے۔ امریکی صدر نے کابینہ کے اجلاس میں کہا کہ آج ہم تانبے پر کام کر رہے ہیں، جو دھات کی درآمدات پر جاری تحقیق میں پیش رفت کی علامت ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ اس کے علاوہ جلد ہی فارماسیوٹیکل (ادویات) سے متعلق اعلان کیا جائے گا جو جنوری سے ان کی انتظامیہ کی جانب سے مختلف شعبہ جات پر عائد کیے گئے لیویز کی فہرست کو مزید وسعت دے گا۔ رپورٹ کے مطابق اس نئے ٹیکس کی وجہ سے امریکہ میں تانبا مہنگا ہو گیا ہے، اس حوالے سے امریکی وزیرِ تجارت ہاورڈ لٹنک نے بتایا ہے کہ یہ نیا ٹیکس اس مہینے کے آخر تک لاگو ہو جائے گا۔ صدر ٹرمپ جلد ہی اس حکم نامے پر دستخط کر دیں گے۔ واضح رہے کہ امریکہ ہر سال تقریباً 8 لاکھ 10 ہزار میٹرک ٹن تانبا باہر سے منگواتا ہے، جو اس کی ضرورت کا تقریباً آدھا حصہ ہے۔ سب سے زیادہ تانبا چلّی یا پھر کینیڈا سے آتا ہے۔ تانبا بڑی تعداد میں فوجی آلات، بجلی کی گاڑیوں اور تعمیرات میں استعمال ہوتا ہے۔

## ریاض میٹرو اور سٹی بسوں کے لیے شیڈول کا اعلان

ریاض (یو این آئی) سعودی عرب میں ریاض پبلک ٹرانسپورٹ نے ریاض میٹرو اور سٹی بسوں کیلیے شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ریاض میٹرو کے تمام روٹس پر سروس سنیچر سے جمعرات صبح چھ سے رات بارہ بجے تک جبکہ جمعہ کو صبح آٹھ سے رات بارہ بجے تک ہوگی۔ پبلک ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا ریاض بس سروس کے حوالے سے کہنا تھا پبلک بسیں روزانہ صبح پانچ سے رات بارہ بجے تک چلیں گی۔ رپورٹس کے مطابق ایکس اکاؤنٹ پر پوسٹ میں مسافروں سے کہا گیا کہ وہ سفر کی منصوبہ بندی کے لیے میٹرو اور بس سروس کے شیڈول سے اپ ڈیٹ رہیں۔ یاد رہے ریاض میٹرو کے 6 روٹس ہیں، بلیو لائن جس کی لمبائی 25.3 کلومیٹر ہے۔ اورنج لائن 40.7 کلومیٹر طویل ہے۔ یلو لائن کی لمبائی 29.5 کلومیٹر ہے۔ گرین لائن کی طوالت 12.9 کلومیٹر ہے جبکہ پرپل لائن 29.7 کلو میٹر طویل ہے۔ یکم دسمبر 2024 کو ریاض میٹرو کے آغاز سے اب تک 18 ملین مسافر ریاض میٹرو کے سفر سے مستفید ہو چکے ہیں۔ سعودی عرب میں تمام کیفے اور ریسٹورنٹس نئے ضوابط کے پابند ہوں گے جن کے تحت انہیں کاغذی اور الیکٹرانک مینو، بشمول آن لائن ڈیلیوری پلیٹ فارمز پر غذائی اجزاء کی مکمل تفصیلات ظاہر کرنا لازمی ہوگا۔ رپورٹ کے مطابق کیفے اور ریسٹورنٹس کے مینو میں تفصیلی غذائی معلومات شامل ہوں گی جیسے کیلوریز کی مقدار، چکنائی، شکر اور سوڈیم کی شرح نیز وہ اجزاء جن سے الرجی ہو سکتی ہے تاکہ صارفین صحت کے لیے بہتر فیصلے کئے جا سکیں۔ نئے ضوابط کے مطابق اُن کھانوں کے ساتھ 'نمک دانی' کا نشان لگانا ضروری ہوگا جن میں نمک کی مقدار زیادہ ہو اور مشروبات میں کیفین کی مقدار بھی واضح طور پر درج کرنا ہوگی نیز ہر کھانے کی آئٹم سے حاصل شدہ کیلوریز کو جلانے کے لیے درکار وقت کی وضاحت بھی کی جائے گی۔ رپورٹس کے مطابق سعودی فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کی جانب سے یہ اقدام شفافیت کو فروغ دینے اور مملکت میں غذائی معیار زندگی بہتر بنانے کی کوششوں کا حصہ ہے جس کا مقصد صحت مند انتخاب کی حوصلہ افزائی اور کھانوں کے اجزا کے بارے میں عوامی آگاہی کو بڑھانا ہے۔

# صدر ٹرمپ غزہ جنگ بندی کے حوالے سے پُرامید ہیں: ٹیمی بروس



واشنگٹن (یو این آئی) امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے کہا ہے کہ صدر ٹرمپ غزہ میں جنگ بندی کے حوالے سے پرامید ہیں۔ واشنگٹن میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ صدر ٹرمپ اور نیتن یاہو کی آج شام ملاقات ہو رہی ہے۔ اس موقع پر ٹیمی بروس نے غزہ میں پیشرفت سے متعلق اسٹیو وٹکوف کا بیان بھی پڑھ کر سنایا، انہوں نے کہا کہ ہماری توجہ اس وقت غزہ میں جنگ بندی پر ہے۔

ترجمان امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق صدر ٹرمپ کی قیادت میں انتظامیہ ملکی مفاد اور عالمی امن کیلئے کام کر رہی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ وزیر خارجہ روبیو نے کابینہ اجلاس میں کہا ہے کہ امریکہ نے پاکستان ہندوستان کی جنگ رکوائی، آرمینیا اور آذربائیجان کے درمیان امن معاہدے کی کوشش ہو رہی ہے۔

ایک سوال کے جواب میں ٹیمی بروس نے کہا کہ امریکی وزیر خارجہ بن کر مختلف سفیروں سے بات کرنے والے بہروپیے کی بھی تحقیقات کر رہے ہیں۔

ترجمان نے واضح کیا کہ مارکو روبیو کہہ چکے ہیں کہ حماس کا غزہ میں حکومتی انتظام سنبھالنے میں کوئی کردار نہیں ہوگا، متعدد ممالک غزہ میں مستقبل کا انتظام سنبھالنے سے متعلق بات چیت کر رہے ہیں۔ ٹیمی بروس کا مزید کہنا تھا کہ امریکی صدر ٹرمپ غزہ سے متعلق نئی تجاویز سن رہے ہیں، صدر ٹرمپ کہہ چکے ہیں کہ یوکرین کی مدد جاری رکھیں گے، ٹرمپ چاہتے ہیں ایران معمول کے ملکوں کی فہرست میں آ جائے۔

## بنوں میں تھانہ میریان پر دہشت گردوں نے کواڈ کاپٹر سے بم گرا دیا

بنوں (یو این آئی) خیبر پختونخوا کے شہر بنوں میں تھانہ میریان پر دہشت گردوں نے کواڈ کاپٹر سے بم گرا دیا۔ پولیس حکام نے بدھ کو بتایا کہ تھانہ میریان پر دہشت گردوں نے ڈرون کواڈ کاپٹر سے حملہ کیا ہے، ڈرون سے تھانے پر بم گرایا گیا، جس سے سولر پلانٹ کو نقصان پہنچا، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ایس ایچ او میریان کے مطابق تھانہ میریان پر دہشت گردوں کی جانب سے کواڈ کاپٹر کا یہ تیسرا حملہ ہے، پولیس اہلکاروں نے ڈرون کو گرانے کے لیے فائرنگ بھی کی تھی۔ دریں اثنا، تھانہ ہوید کی حدود سرہ بنگلہ میں



دہشت گردوں نے کواڈ کاپٹر ڈرون کے ذریعے ایک گھر پر بھی بم گرایا ہے، جس کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق جب کہ بچوں سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ ادھر پشاور کے علاقے پشتہ خرہ میں گھر کے باہر دستی بم حملہ ہوا ہے، جس میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی ہے، پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی تفتیش جاری ہے، اور نامعلوم شرپسندوں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

## یو اے ای کی مخصوص قومیتوں کو تاحیات گولڈن ویزا دینے کی میڈیا کی خبروں کی تردید

ابوظہبی (یو این آئی) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) نے مخصوص قومیتوں کو عمر بھر کے لیے گولڈن ویزا دینے کے حوالے سے زیر گردش افواہوں کی تردید کی ہے۔ یو اے ای کی سرکاری خبر رساں ایجنسی 'وام' کے مطابق، ان میڈیا رپورٹس کو مسترد کر دیا گیا ہے جن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ 'نئی نامزدگی پر مبنی گولڈن ویزا اسکیم' کا آغاز کیا گیا ہے۔ گولڈن ویزا ایک طویل المدتی رہائشی ویزا ہے، جو غیر ملکی باصلاحیت افراد کو متحدہ عرب امارات میں رہنے، کام کرنے یا تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے، اور اس کے ساتھ متعدد خصوصی فوائد بھی فراہم کیے جاتے ہیں۔ وام کی رپورٹ کے مطابق 'شناخت، شہریت، کسٹمز اور پورٹ سیکیورٹی کی وفاقی اتھارٹی (آئی سی پی) نے ان افواہوں کی تردید کی ہے، جو کچھ مقامی اور بین الاقوامی میڈیا اداروں اور ویب سائٹس پر گردش کر رہی ہیں کہ متحدہ عرب امارات مخصوص قومیتوں کو عمر بھر کا گولڈن ویزا دے رہا ہے۔ آئی سی پی نے واضح کیا کہ گولڈن ویزا کے لیے مخصوص زمروں، شرائط اور ضوابط کو سرکاری قوانین، قانون سازی اور وزارتی فیصلوں کے مطابق واضح طور پر بیان کیا گیا ہے۔ وام کے مطابق، آئی سی پی نے زور دے کر کہا کہ تمام گولڈن ویزا درخواستیں صرف متحدہ عرب امارات کے اندر سرکاری چینلز کے ذریعے ہی نمٹائی جاتی ہیں، اور کوئی بھی اندرونی یا بیرونی مشاورتی ادارہ اس عمل میں مجاز فریق نہیں سمجھا جاتا۔ وفاقی ادارے نے کہا کہ حال ہی میں اس نے ایک بیرون ملک قائم مشاورتی دفتر کی خبروں کا مشاہدہ کیا ہے، جن میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ تمام زمروں کے لیے عمر بھر کے گولڈن ویزا کو متحدہ عرب امارات سے باہر سے آسان شرائط پر حاصل کیا جا سکتا ہے۔ وام کی رپورٹ میں مزید کہا گیا یہ دعوے کسی قانونی بنیاد پر نہیں ہیں، اور متعلقہ حکام کے ساتھ کسی بھی قسم کی ہم آہنگی کے بغیر کیے گئے ہیں، وفاقی اتھارٹی نے درخواست دہندگان کے لیے ایک محفوظ اور شفاف ماحول فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس کے علاوہ، یہ بھی بیان کیا گیا کہ ان اداروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، جو جھوٹی معلومات پھیلا کر ان افراد سے غیر قانونی طور پر رقم وصول کرنے کی کوشش کرتے ہیں جو یو اے ای میں باعزت اور محفوظ زندگی گزارنے کے خواہاں ہیں۔ وفاقی اتھارٹی نے ایسے افراد سے اپیل کی کہ جو یو اے ای میں وزٹ، رہائش یا سرمایہ کاری کے خواہش مند ہیں، وہ ان افواہوں اور جھوٹی خبروں پر توجہ نہ دیں، جن کا مقصد صرف فوری منافع حاصل کرنا ہے۔

# امریکہ میں جنگی مجرم نیتن یاھو کے لیے ریڈ کارپٹ بچھانا شرمناک ہے: برنی سینڈرز



واشنگٹن: امریکی سینیٹر برنی سینڈرز نے ایک بار پھر قابض اسرائیل کی سفاکانہ جنگی پالیسیوں اور اس کے سرغنہ بنجمن نیتن یاہو پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کانگریس کے بعض ارکان نے جنگی جرائم میں ملوث شخص کے لیے ''ریڈ کارپٹ'' بچھا دیا ہے، جو نہ صرف شرمناک ہے بلکہ انسانیت کی توہین بھی ہے۔

انہوں نے کہا کہ امریکہ کی جانب سے قابض اسرائیل کو دی جانے والی فوجی امداد بند کرنا آسان نہیں ہوگا کیونکہ کانگریس میں ایسے عناصر موجود ہیں جو بنجمن نیتن یاہو جیسے مجرم کا استقبال اعزاز کے طور پر کر رہے ہیں، حالانکہ وہ بین الاقوامی عدالتِ انصاف کو جنگی جرائم کے سلسلے میں مطلوب ہے۔

یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب نیتن یاہو واشنگٹن میں اعلیٰ سطحی ملاقاتوں میں مصروف ہے، جہاں اس نے امریکہ کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے چوبیس گھنٹوں میں دوسری بار ملاقات کی۔ یہ اس کی ٹرمپ کے دوسری مدت صدارت کے دوران امریکہ کی تیسری دورہ ہے۔ نیتن یاہو نے اس دورے کے دوران امریکی ایوانِ نمائندگان کے اسپیکر مائیک جانسن اور کانگریس کے نائب صدر سے بھی ملاقات کی، جس کا مقصد غزہ پر جاری جارحیت کے لیے سیاسی اور عسکری حمایت حاصل کرنا ہے۔

بدھ کی صبح نیتن یاہو نے اعلان کیا کہ اس نے ٹرمپ کے ساتھ ملاقات میں غزہ میں یرغمال بنائے گئے افراد کی رہائی پر گفتگو کی اور ایک بار پھر اعلان کیا کہ وہ حماس کی تمام عسکری اور انتظامی صلاحیتوں کو مکمل طور پر ''ختم'' کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

نیتن یاہو، جو غزہ میں انسانیت سوز جرائم کے الزام میں عالمی عدالت کو مطلوب ہے، نے ایک پیغام میں دعویٰ کیا کہ اس نے ٹرمپ کے ساتھ ''ایران پر بڑی کامیابی'' پر بھی بات کی اور اس کے ممکنہ اثرات پر تبادلہ خیال کیا۔

ادھر سینیٹر برنی سینڈرز نے دو روز قبل ایک بیان میں قابض اسرائیل کی فلسطین کے خلاف جاری جنگ کو ''وحشیانہ اور غیر اخلاقی'' قرار دیا تھا۔ انہوں نے ایک امریکی اخبار ''نیویارک ٹائمز'' کے مضمون کا حوالہ دیتے ہوئے، جس کا عنوان تھا ''ڈیموکریٹس کو سمجھنا ہوگا کہ اسرائیل پر رائے تیزی سے بدل رہی ہے''، کہا کہ امریکی عوام اچھی طرح جانتے ہیں کہ نیتن یاہو کی فلسطینی عوام کے خلاف جنگ نہ صرف غیر اخلاقی ہے بلکہ بین الاقوامی قانون کی کھلی خلاف ورزی بھی ہے۔

سینڈرز نے ڈیموکریٹک قیادت پر زور دیا کہ وہ امریکہ میں صہیونی لابی گروپ ''آیپیک'' کے خلاف جرات کے ساتھ کھڑے ہوں اور کہیں کہ ''اب مزید فوجی امداد نہیں۔ یاد رہے کہ سینڈرز خود یہودی نژاد ہیں اور ماضی میں کچھ وقت فلسطین کی مقبوضہ سرزمین پر ایک صہیونی بستی میں بھی گزار چکے ہیں، مگر اس کے باوجود وہ غزہ پر اسرائیلی درندگی کے سب سے بڑے ناقدین میں شامل ہیں اور قابض ریاست کو دی جانے والی امریکی امداد کے سخت مخالف ہیں۔

واضح رہے کہ قابض اسرائیل نے امریکہ کی مکمل سرپرستی میں سات اکتوبر سنہ 2023ء سے غزہ میں نسل کشی کا ایسا سلسلہ شروع کر رکھا ہے جس نے پوری دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ اس ظلم کی آگ میں اب تک ایک لاکھ چورانوے ہزار سے زائد فلسطینی یا تو شہید ہو چکے ہیں یا زخمی، جن میں اکثریت عورتوں اور بچوں کی ہے، جب کہ دس ہزار سے زائد افراد لاپتہ ہیں اور لاکھوں لوگ بے گھر ہو چکے ہیں۔

## امریکہ: ٹیکساس میں سیلاب سے اموات کی تعداد 109 ہوئی، 160 سے زائد لاپتہ

نیویارک (یو این آئی) امریکی ریاست ٹیکساس میں تباہ کن سیلاب سے منگل تک کم از کم 109 افراد کی موت ہو چکی ہے جبکہ 160 سے زیادہ افراد لاپتہ ہیں۔ دریائے گواڈیلوپے پر امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ افسران نے بتایا کہ ہلاکتوں میں سے 87 کیر کاؤنٹی میں ہوئیں۔ ہنٹ، ٹیکساس میں دریا کے کنارے واقع کیمپ مائسٹک نے پیر کے روز تصدیق کی کہ سیلاب میں کم از کم 27 خیمہ زن اور صلاح کار ہلاک ہوئے ہیں۔ ٹیکساس کے گورنر گریگ ایبٹ نے منگل کی سہ پہر ایک نیوز بریفنگ میں بتایا کہ سیلاب کے بعد کم از کم 161 افراد کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دریائے گواڈیلوپ میں لاپتہ افراد کی تلاش جاری ہے۔ انہوں نے عوام سے یہ بھی کہا کہ وہ لاپتہ دوستوں یا رشتہ داروں کے بارے میں معلومات کے ساتھ مقامی حکام سے رابطہ کریں۔ کیمپ مائسٹک نے ایک بیان میں کہا کہ ہم مقامی اور ریاستی حکام کے ساتھ رابطے میں رہیں جو ہمارے لاپتہ افراد کی تلاش کے لیے انتھک کوششیں کر رہے ہیں۔ کیر کاؤنٹی شیرف لیری لیتھا کے حوالے سے سی بی ایس نیوز نے منگل کو کہا کہ کم از کم پانچ کیمپ اب بھی لاپتہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جب سیلاب آیا تو کیمپ مائسٹک میں تقریباً 750 بچے تھے۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایبٹ کی درخواست پر کیر کاؤنٹی کے لیے ایک بڑی تباہی کے اعلان پر دستخط کیے ہیں۔ ہفتے کے روز، ایبٹ نے کہا کہ انہوں نے سمر کیمپ کا دورہ کیا۔ انہوں نے اس واقعہ کو بہت خوفناک تباہی والے منظر کے طور پر بیان کیا ہے۔

## فرانسیسی خاتون اول کا ایک بار پھر صدر میکرون کا ہاتھ تھامنے سے انکار

پیرس (یو این آئی) دورہ برطانیہ کے آغاز پر فرانسیسی خاتون اول نے صدر ایمانویل میکرون کا ہاتھ نہ تھام کر خلش کی خبروں کو ایک بار پھر تقویت دے دی۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق برطانیہ پہنچنے پر شہزادہ ولیم اور شہزادی کیٹ نے فرانسیسی صدر اور ان کی اہلیہ کا استقبال کیا، خاتون اول جہاز سے باہر آئیں تو صدر میکرون نے ہاتھ آگے بڑھایا، مگر ان کی اہلیہ نے ان کا ہاتھ نہ تھاما۔ رپورٹس کے مطابق چند ہی گھنٹوں بعد صدر میکرون اس وقت پھر سرخیوں کی زینت بنے جب بادشاہ چارلس سے ملاقات کے بعد صدر میکرون کا قافلہ ونزر کاسل سے روانہ ہوا تو ایک گاڑی کا دروازہ اور پچھلا حصہ کھلا رہ گیا اور ڈرائیور نے گاڑی چلا دی۔ گاڑی سے اس دوران دو بیگ نیچے گر گئے، گاڑی کے پیچھے موجود اہلکار بھاگ کر گاڑی رکوانے کی کوششوں میں مصروف رہا۔ بھیڑ چال میں ڈرائیور نے دوسری گاڑی بھی دوڑا دی، یہ نہیں دیکھا کہ اس کی گاڑی کا دروازہ بھی بند نہیں تھا۔

## صدر ٹرمپ کی روس پر سخت پابندیاں عائد کرنے کی تیاریاں

واشنگٹن (یو این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ میں روس پر پابندیاں عائد کرنے پر غور کر رہا ہوں جو بہت سخت ہو سکتی ہیں میں صدر پوتن سے خوش نہیں ہوں۔ وائٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں آج دوبارہ اسرائیلی وزیر اعظم سے ملاقات کروں گا، نیتن یاہو سے غزہ سے متعلق دوبارہ بات ہوگی اس مسئلے کو جلد از جلد حل کرنا چاہتا ہوں۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق امریکی صدر کا کہنا تھا کہ میں روسی صدر پوتن سے خوش نہیں ہوں، میں روس پر پابندیاں عائد کرنے پر غور کر رہا ہوں جو بہت سخت ہو سکتی ہیں، ہم نے یوکرینیوں کو اب تک کے بہترین ہتھیار فراہم کئے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ افغانستان سے انخلا ملکی تاریخ کا سب سے شرمناک لمحہ تھا، افغانستان میں ہماری بگرام ایئربیس اب چین چلا رہا ہے۔ تمام ممالک کو یکم اگست تک محصولات کی تعمیل کرنی چاہیئے، یکم اگست سے ٹیرف کے ذریعے آمدنی امریکہ کو موصول ہونا شروع ہو جائے گی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یورپی یونین کی مصنوعات پر امریکی ٹیرف سے متعلق خط جلد یورپی یونین کو بھیجوں گا، ٹیرف سے متعلق تاریخ تبدیل ہرگز نہیں کریں گے۔

# قابض اسرائیل کا طولکرم اور نور شمس کیمپوں پر قیامت خیز حملہ، ہزاروں فلسطینی بے گھر



طولکرم: قابض اسرائیلی فوج نے شمالی غرب اردن کے دو بڑے مہاجر کیمپوں، طولکرم اور نور شمس پر ظلم و ستم کی نئی داستان رقم کر دی۔ ان کیمپوں میں اندھا دھند تباہی، بے رحمانہ گھروں کا انہدام اور وسیع پیمانے پر نقل مکانی کا دلخراش سلسلہ جاری ہے۔

اسرائیلی بلڈوزر تباہ شدہ گلیوں اور ملبے کے ڈھیروں کے درمیان دندناتے پھر رہے ہیں۔ ہر طرف بکھری اینٹیں، ٹوٹے ہوئے در و دیوار اور راکھ میں لپٹے ہوئے خواب نظر آتے ہیں۔ فلسطینی مرد، عورتیں اور بچے ہاتھوں میں چادریں، برتن، فرنیچر اور گزرا ہوا کل سمیٹنے کی کوشش کرتے دکھائی دیتے ہیں تاکہ اپنی اجڑی زندگی کے کچھ باقیات کسی ٹرک میں لاد کر کسی محفوظ پناہ کی تلاش میں نکل سکیں۔

طولکرم کے گورنر عبداللہ کمیل نے رائٹرز کو بتایا کہ یہ جارحیت حالیہ ہفتوں میں شدت اختیار کر چکی ہے۔ اُن کے مطابق اب تک طولکرم اور نور شمس کے کیمپوں میں 106 مکانات اور 104 دیگر عمارتیں مکمل طور پر منہدم کی جا چکی ہیں۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ ''یہ سب کچھ کسی سیکورٹی مقصد کے تحت نہیں بلکہ قابض اسرائیلی حکومت کے طے شدہ سیاسی فیصلے کا نتیجہ ہے۔ یہ ظلم جاری ہے اور رکنے کا نام نہیں لے رہا۔''

کمیل کے مطابق پورا کیمپ کھنڈر بن چکا ہے۔ سڑکیں اکھاڑ دی گئی ہیں، پانی اور بجلی کی لائنیں کاٹ دی گئی ہیں، مواصلاتی نظام تباہ کر دیا گیا ہے۔ اب ان کیمپوں میں صرف وہ اسرائیلی سنائپر بچے ہیں جو مختلف چھتوں پر مورچے سنبھالے ہوئے ہیں۔ باقی سب لوگ نقل مکانی پر مجبور ہو چکے ہیں۔

یہ بربریت جنوری سنہ 2025ء سے جاری ہے، جو کہ دوسری انتفاضہ کے بعد سب سے بڑی اسرائیلی فوجی یلغار تصور کی جا رہی ہے۔ اس کارروائی میں کئی اسرائیلی فوجی یونٹ شریک ہیں، جنہیں ڈرون، ہیلی کاپٹر اور کئی سال بعد پہلی بار بھاری ٹینکوں کی مدد بھی حاصل ہے۔

اسرائیلی انسانی حقوق کی تنظیم ''بتسلیم'' کے مطابق ان ظالمانہ کارروائیوں کے نتیجے میں اب تک طولکرم، نور شمس اور جنین کے لگ بھگ 40 ہزار فلسطینیوں کو اپنا گھر بار چھوڑنا پڑا ہے۔ کیمپوں کے یہ رہائشی، جو پہلے ہی غربت، تنگ دستی اور بے روزگاری کا شکار تھے، اب در در کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔

قابض اسرائیل کا دعویٰ ہے کہ یہ حملے ''مسلح فلسطینی سرگرمیوں'' کے خلاف کیے جا رہے ہیں۔ ایک فوجی ترجمان کا کہنا تھا کہ ''فوجی کارروائیوں کی آزادی کے لیے عمارتوں کا انہدام ضروری ہے''۔ تاہم عالمی سطح پر ان مظالم کی شدید مذمت کی جا رہی ہے۔ بین الاقوامی حلقوں کو خدشہ ہے کہ اسرائیل ان تباہ کن اقدامات کے ذریعے شمالی غرب اردن پر مکمل قبضے کی راہ ہموار کر رہا ہے۔ یہ سب کچھ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب دوحہ میں حماس اور قابض اسرائیل کے درمیان جنگ بندی اور قیدیوں کے تبادلے پر مذاکرات ہو رہے ہیں۔ بتسلیم کے رابطہ کار شائی بارنیس کا کہنا ہے کہ ''قابض اسرائیل نے شمالی غرب اردن میں وہی طریقے اختیار کر لیے ہیں جو غزہ میں استعمال ہو رہے ہیں: یعنی گھر، سڑکیں، ہسپتال، سکول اور پوری زندگی کو جان بوجھ کر مٹی میں ملا دینا، اور پھر معصوم لوگوں کو ان کے گھروں سے زبردستی نکال دینا۔''

طولکرم کے گورنر کے مطابق ہزاروں خاندانوں نے مسجدوں، سکولوں یا رشتہ داروں کے گھروں میں پناہ لی ہے۔ ان کیمپوں کے اجڑنے کے ساتھ فلسطینی معاشرہ ایک نئے بحران سے دوچار ہو چکا ہے جو پہلے ہی معاشی بدحالی، بے روزگاری اور نفسیاتی دباؤ کا شکار ہے۔ یہ المناک مناظر انسانیت کے ضمیر کو جھنجھوڑ رہے ہیں۔ فلسطین کے مظلوم عوام آج بھی اپنے حق، اپنی زمین، اپنی شناخت اور اپنی آزادی کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں۔ لیکن عالمی ضمیر ہے کہ اب تک خواب خرگوش میں ہے۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو.کے.) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گروپیری بار برمنگھم بی-42 آئی آر جی یو.کے. سے شائع کیا۔ پروپرائٹر و گروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈینٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای-میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: 386368 7897 44+

قارئین کو مشورہ: ''صحافت'' میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کئے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعوؤں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔

